TPL Insurance

Date: 9th September 2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road, Karachi – 74000

Dear Sir,

PUBLICATION OF NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING OF TPL INSURANCE LIMITED

Further to, and in continuation of our letter dated 28th August, 2026 (copy enclosed), in compliance with the requirements of clause 5.6.9 (b) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, we enclose herewith, the final Notice of the Extraordinary General Meeting ("EOGM") of TPL Insurance Limited along with the Statement of Material facts, to be held on Friday, 2nd October 2026 at 11:00 a.m. prior to its publication in the English and Urdu Newspapers.

The appended notice will be published in newspapers namely Business Recorder (English) and Dunya (Urdu) on 10th September, 2026.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly

Yours truly,
For and on behalf of TPL Insurance Limited

Nadia Hussain
Company Secretary & Head of Legal

TPL Insurance Ltd. Karachi

CC: The Executive Director
Public Offering & Regulated Persons Department
Securities & Market Division
Securities & Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, Jinnah Avenue,
Blue Area, Islamabad

Encl: As stated above

TPL Insurance

Date: 28th August 2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road, Karachi – 74000

Dear Sir,

Subject: **Disclosure of Material Information**

Pursuant to Section 96 of the Securities Act, 2015 and Clause 5.6.1(a) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, we hereby inform you of the following material information for immediate dissemination to the members and the general public:

The Board of Directors of TPL Insurance Limited ("the Company"), in its meeting held on Thursday, 27th August 2026 at 2:00 p.m., has approved and resolved to place before the members, the proposal to change the name of the Company from *"TPL Insurance Limited"* to *"JazzSure Insurance Limited"*, together with the consequential amendment to the Memorandum and Articles of Association of the Company by substituting for the name *"TPL Insurance Limited"* to *"JazzSure Insurance Limited"*, wherever appearing in the said Memorandum and Articles of Association, and the consequent change in the ticker/trading symbol of the Company on the Pakistan Stock Exchange ("Exchange") from that of *"TPL Insurance Limited"* to that of *"JazzSure Insurance Limited"*, or such other name as may be approved by the Exchange, subject to applicable corporate and regulatory approvals including from the Securities and Exchange Commission of Pakistan and any other competent authority and completion of necessary legal formalities under applicable laws.

Accordingly, the Board has resolved to convene an Extraordinary General Meeting ("EGM") of the members of the Company on Friday, 2nd October, 2026 at 11:00 a.m., to be held at Dr. Shamshad Akhtar Auditorium, Pakistan Stock Exchange, Admin Block, 6th Floor, Stock Exchange Building, Exchange Road, Karachi, and simultaneously through video-conference facility; to seek approval from the Members for the recommended change in the name of the Company and amendments to the Articles of Association and Memorandum of Association of the Company.

The notice of the Extraordinary General Meeting and related documents will be circulated in due course.

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Friday, 25th September 2026 to Friday, 2nd October 2026 (both days inclusive) for the purpose of determining the entitlement of members to attend and vote at the EGM. Share transfer requests received in order at the office of the Company's Share Registrar at the close of business on Thursday, 24th September 2026 will be treated as in time for this purpose.

This notice is submitted for your information and record, and is being disseminated to the Exchange prior to its release to any other person, in compliance with the Company's continuing disclosure obligations.

A disclosure form as required under S.R.O143(1)/2012 dated December 5th , 2012, read with Section 96 and Section 131 of the Securities Act, 2015 is also enclosed as Annexure - A hereto.

TPLInsurance

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange, accordingly.

Yours sincerely,

For and on behalf of TPL Insurance Limited

Nadia Hussain
Company Secretary & Head of Legal

CC: The Executive Director
Public Offering & Regulated Persons Department
Securities & Market Division
Securities & Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, Jinnah Avenue,
Blue Area, Islamabad

Pakistan Stock Exchange Limited
RECEIVED
28 AUG 2026
Time:
Administration Department

Annexure- A

DISCLOSURE FORM
IN TERMS OF SECTIONS 96 AND 131 OF THE SECURITIES ACT, 2015

Name of Company	TPL Insurance Limited
Date of Report	28 August 2026
Name of Company as specified in the Memorandum	TPL Insurance Limited
Company's Registered Office	19-B, S.M.C.H.S, Near Roomi Masjid, Shahrah-e-Faisal, Karachi-74200, Pakistan
Contact Information	(021) 111-000-301 (021) 37130223 info@tplinsurance.com

Disclosure of material information by a listed company in terms of Section 96 and 131 of the Securities Act, 2015:

We would like to inform you that the Board of Directors of the Company, in its meeting held on August 27th, 2026, has considered, and approved, changing the name of the Company from *"TPL Insurance Limited"* to *"JazzSure Insurance Limited"*, together with the consequential amendment to the Memorandum and Articles of Association of the Company by substituting for the name *"TPL Insurance Limited"* to *"JazzSure Insurance Limited"*, wherever appearing in the said Memorandum and Articles of Association, and the consequent change in the ticker/trading symbol of the Company on the Pakistan Stock Exchange ("Exchange") from that of *"TPL Insurance Limited"* to that of *"JazzSure Insurance Limited"*, or such other name as may be approved by the Exchange, subject to applicable corporate and regulatory approvals including from the Securities and Exchange Commission of Pakistan and any other competent authority and completion of necessary legal formalities under applicable laws.

Accordingly, the Board has resolved to convene an Extraordinary General Meeting ("EGM") of the members of the Company on October 2nd, 2026 at 11:00 a.m., to be held at the Dr. Shamshad Akhtar Auditorium, Pakistan Stock Exchange, Admin Block, 6th Floor, Stock Exchange Building, Exchange Road, Karachi, and simultaneously through video-conference facility, to seek approval from the Members for the recommended change in the name of the Company and amendments to the Articles of Association and Memorandum of Association of the Company.

Pursuant to the requirements of the Securities Act, 2015, the Company has duly caused this form/statement to be signed on its behalf by the undersigned hereunto duly authorized.

For and on behalf of
TPL Insurance Limited

Nadia Hussain
Company Secretary & Head of Legal

NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting ("**EOGM**") of TPL Insurance Limited (the "**Company**") will be held at Dr. Shamshad Akhtar Auditorium, Pakistan Stock Exchange, Admin Block, 6th Floor, Stock Exchange Building, Exchange Road, Karachi and virtually through video-conference facility, on Friday, October 2, 2026, at 11:00 a.m. to transact the following special business:

Special Business

1. To consider and if thought fit, to change the name of the Company to "JazzSure Insurance Limited" and for this purpose to pass the following resolution as Special Resolution:

> ***RESOLVED*** *as and by way of Special Resolution* ***THAT*** *subject to the approval of the Registrar of Companies, Securities and Exchange Commission of Pakistan the name of the Company be changed from "TPL Insurance Limited" to the proposed name of "JazzSure Insurance Limited", and that all necessary procedures and approvals prescribed by law be complied with and secured with a view to making the change of name complete and effective.*
>
> ***FURTHER RESOLVED THAT,*** *the Chief Executive Officer, the Chief Financial Officer, the Chief Operating Officer and the Company Secretary of the Company be and are hereby, jointly and / or severally, authorised to take all steps necessary, ancillary and incidental to fully achieve the objects of the aforesaid resolution including, inter alia, carrying out filings with the Securities and Exchange Commission of Pakistan, the Pakistan Stock Exchange, Central Depository Company of Pakistan Limited or other regulatory bodies, filing of all the requisite statutory forms, applications, affidavits and all other documents as may be required to be filed with the Companies Registration Office of the Securities and Exchange Commission of Pakistan, executing all such applications, affidavits, certificates, notices, reports, letters and any other document or instrument including any amendments or substitutions to any of the foregoing as may be required.*

2. To consider and if thought fit, to amend the memorandum and articles of association of the Company and for this purpose to pass the following resolution as a Special Resolution:

> ***RESOLVED*** *as and by way of Special Resolution* ***THAT*** *upon the change of name being approved by the Registrar of Companies, Securities and Exchange Commission of Pakistan, the memorandum and articles of association of the Company be and are hereby altered by substituting for the name "TPL Insurance Limited" the name "JazzSure Insurance Limited" wherever appearing in the said memorandum and articles of association.*
>
> ***FURTHER RESOLVED THAT,*** *the Chief Executive Officer, Chief Financial Officer, Chief Operating Officer and Company Secretary of the Company, be and are hereby, jointly and / or severally, authorized to take all steps necessary, ancillary and incidental to fully achieve the objects of the aforesaid resolution including, inter alia, carrying out filings with the Securities and Exchange Commission of Pakistan, the Pakistan Stock Exchange or other regulatory bodies, filing of all the requisite statutory forms and all other documents as may be required to be filed with the Companies Registration Office of the Securities and Exchange Commission of Pakistan, submitting all such documents as may be required with the Securities and Exchange Commission of Pakistan, executing all such certificates, applications, notices, reports, letters and any other document or instrument including any amendments or substitutions to any of the foregoing as may be required.*

The Statement of Material facts as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 is attached to this notice.

By Order of the Board

Nadia Hussain
Company Secretary **Karachi, August 27, 2026**

Notes:

1. Registration to attend Extraordinary General Meeting through Electronic Means:

a. In the light of applicable requirement and relevant guidelines issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) from time to time, including vide letter No. SMD/SE/2/(20)/2021/117 date December 15, 2021, members are encouraged to participate in the Extraordinary General Meeting ("EOGM") through electronic facility organized by the Company.

b. To attend the EOGM through electronic means, the Members and their proxies, as applicable are requested to register themselves by providing the following information through email at company.secretary@tplinsurance.com at least forty-eight (48) hours before the EOGM. The email should be sent with the subject "Registration for TPL Insurance EOGM" along with a valid copy of CNIC/Passport.

Name of Shareholder	CNIC/NTN No.	Folio No/CDC A/c No.	Cell Number	Email Address

c. Members and their proxies as applicable will be registered, after necessary verification as per the above requirement, and will be provided a video-link and login credentials by the Company and /or the Company's registrar via email.

d. The login facility will remain open from 10:30 a.m. till the end of EOGM.

2. Closure of Share Transfer Books:

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from September 25, 2026 to October 2, 2026 (both days inclusive). Share Transfers received at THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500, Pakistan by the close of business hours (5:00 PM) on September 24, 2026, will be treated as being in time to attend and vote at the EOGM.

3. Participation in the EOGM:

All members, whose names appear in the register of members of the Company as on September 24, 2026 are entitled to attend (in person or by video link facility or through Proxy) the EOGM and vote thereat. A proxy duly appointed shall have such rights with respect to the speaking and voting at the EOGM as are available to a member. Duly filled and signed Proxy Form must be received at the Registrar of the Company, THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500, Pakistan, not less than 48 hours before the EOGM.

4. For Attending the EOGM:

In case of individual, the Account holder and/or Sub-account holder whose registration details are uploaded as per the CDC regulations, shall authenticate his/her identity by providing copy of his/her valid CNIC or passport along with other particulars (Name, Folio/CDS Account Number, Cell Phone Number) via email to aforementioned ID at least 48 hours before the EOGM. In case of appointment of a proxy, the applicable Proxy Form along with the required identification and authorization documents shall also be submitted as per the Proxy Form and applicable laws and regulations.

In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be provided via email to aforementioned ID at least 48 hours before the EOGM.

5. Change of Address:

Members are requested to immediately notify the change, if any, in their registered address to the Share Registrar, THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500, Pakistan.

6. Conversion of Physical Shares into the Book Entry Form:

The SECP through its letter No. CSD/ED/Misc/2016- 639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere to provisions of Section 72 of the Companies Act, 2017 by replacing physical shares issued by them into book entry form.

The shareholders of the Company having physical folios / share certificates are requested to convert their shares from physical form into book-entry form as soon as possible. The shareholders may contact their Broker, CDC Participant or CDC Investor Account Service Provider for assistance in opening a CDS Account and subsequent conversion of the physical shares into book-entry form. It would facilitate the shareholders in many ways including safe custody of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares, etc. For further information and assistance, the shareholders may contact our Share Registrar, THK Associates (Private) Limited.

7. For Voting for Special Business:

a. Voting through Postal Ballot:

In accordance with Regulation 8(2) of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Members have the option to cast their votes using the enclosed ballot paper, a copy of which is also accessible on the Company's website. The duly filled in ballot paper should reach the chairman of the meeting through email at chairman@tplinsurance.com or through post to Plot 19-B Sindhi Muslim CHS (SMCHS), Near Roomi Masjid, Shahrah-e-Faisal Karachi, no later than one day prior to the EOGM, during working hours. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

b. Electronic Voting:

In accordance with Regulation 4 of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Members also have the option to cast their votes through e-voting. To facilitate this, THK Associates (Private) Limited, the e-voting service provider, will send an email on September 25, 2026 to members containing the web address, login details, password, and other necessary information. The facility for e-voting shall open on September 28, 2026 at 0900 hours and shall close at 1700 hours (Pakistan Standard Time) on October 1, 2026.

8. Intimation of No Gift Distribution:

Members are hereby informed that no gifts will be distributed at the meeting.

STATEMENT OF MATERIAL FACTS
AS REQUIRED UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This statement sets out the material facts as prescribed under and pursuant to S.R.O. 423(I)/2018 dated April 3rd, 2018 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan concerning the Special Business to be considered and approved by the shareholders of the Company in connection with the change of name of the Company as recommended to the shareholders by Board of Directors at their meeting dated August 27, 2026

Agenda Items 1 and 2

Consequent upon completion of the acquisition on July 13, 2026 of a controlling stake in the Company by Jazz International Holding Limited (a subsidiary of VEON Ltd. a global digital operator), Jazz International Holding Limited now holds 76.33% of the issued share capital of the Company.

In order to more closely reflect the Company's relationship with VEON Ltd. and Jazz International Holding Limited and to benefit therefrom, the Board of Directors propose that the name of the Company be changed to **JazzSure Insurance Limited**. There will be no change in the entity or operations of the Company by this change of corporate name. The text of the special resolution required for this purpose is set out in the notice convening the Extraordinary General Meeting.

The Board of Directors has recommended that the Company's Memorandum of Association and Articles of Association also be altered to reflect the change in name in the manner set forth in the special resolution in the notice convening the Extraordinary General Meeting. The Board confirms that the proposed alterations are in line with the applicable provisions of the law and regulatory framework to the best of their knowledge and belief.

The Company's Memorandum of Association and Articles of Association contain the name TPL Insurance Limited in limited provisions which are identified below.

The existing and proposed altered provisions of the Company's Memorandum of Association are set out below:

Existing Title	Proposed Amendment to Title
Memorandum of Association of TPL Insurance Limited	Memorandum of Association of JazzSure Insurance Limited

Existing Clause 1	Proposed Amendment to Clause 1
The name of the Company is "TPL Insurance Limited".	The name of the Company is "JazzSure Insurance Limited ".

The existing and proposed altered provisions of the Company's Articles of Association are set out below:

Existing Title	Proposed Amendment to Title
ARTICLES OF ASSOCIATION OF TPL INSURANCE LIMITED	ARTICLES OF ASSOCIATION OF JazzSure Insurance Limited

None of the Directors of the Company, their relatives (if any), or the Company's managers or key managerial personnel has any direct or indirect interest or concern in the proposed change of the Company's name, except to the extent of their respective positions in the Company.

TPLInsurance

غیر معمولی جنرل میٹنگ کا نوٹس

یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ TPL انشورنس لمیٹڈ (جسے آئندہ ''کمپنی'' کہا جائے گا) کی غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) بروز جمعہ، 2 اکتوبر 2026ء، صبح 11:00 بجے، ڈاکٹر شمشاد اختر آڈیٹوریم، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، ایڈمن بلاک، چھٹی منزل، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد ہوگی، جبکہ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے ورچوئل شرکت بھی ممکن ہوگی، تاکہ درج ذیل خصوصی کاروبار سرانجام دیا جاسکے:

خصوصی کاروبار

1۔ کمپنی کے نام کی تبدیلی

کمپنی کے نام کو JazzSure انشورنس لمیٹڈ میں تبدیل کرنے پر غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے، اس مقصد کے لیے درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:

طے پایا اور بذریعہ خصوصی قرارداد منظور کیا گیا کہ رجسٹرار آف کمپنیز، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے مشروط طور پر، کمپنی کا نام TPL انشورنس لمیٹڈ سے تبدیل کر کے مجوزہ نام JazzSure انشورنس لمیٹڈ رکھا جائے، اور یہ کہ قانون کے تحت مقرر کردہ تمام ضروری کارروائیاں اور منظوریوں کی تکمیل اور حصول کو یقینی بنایا جائے، تاکہ نام کی تبدیلی مکمل اور مؤثر ہو سکے۔

مزید طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، چیف آپریٹنگ آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور/ یا انفرادی طور پر، مذکورہ قرارداد کے مقاصد کو مکمل طور پر عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام ضروری، ضمنی اور متعلقہ اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے، جن میں بالخصوص سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا دیگر ریگولیٹری اداروں کے پاس ضروری دستاویزات جمع کروانا، تمام مطلوبہ قانونی فارمز، درخواستیں، حلف نامے اور دیگر تمام دستاویزات جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے کمپنیز رجسٹریشن آفس میں جمع کروانا ضروری ہوں، داخل کرنا، اور ایسی تمام درخواستوں، حلف ناموں، سرٹیفکیٹس، درخواستوں، نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کسی بھی دیگر دستاویز یا تحریری آلہ پر دستخط کرنا شامل ہے، بشمول مذکورہ بالا دستاویزات میں کسی بھی مطلوبہ ترمیم یا متبادل دستاویز کی تیاری اور تکمیل۔

2۔ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم

کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم پر غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے، اس مقصد کے لیے درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:

طے پایا اور بذریعہ خصوصی قرارداد منظور کیا گیا کہ رجسٹرار آف کمپنیز، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنی کے نام کی تبدیلی کی منظوری دیے جانے کے بعد، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں جہاں کہیں بھی TPL انشورنس لمیٹڈ کا نام درج ہے، وہاں اس کی جگہ JazzSure انشورنس لمیٹڈ کا نام درج کر کے ان میں ترمیم کی جائے۔

مزید طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، چیف آپریٹنگ آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور/ یا انفرادی طور پر، مذکورہ قرارداد کے مقاصد کو مکمل طور پر عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام ضروری، ضمنی اور متعلقہ اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے، جن میں بالخصوص سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، پاکستان اسٹاک ایکسچینج یا دیگر ریگولیٹری اداروں کے پاس ضروری دستاویزات جمع کروانا، تمام مطلوبہ قانونی فارمز اور دیگر تمام دستاویزات جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے کمپنیز رجسٹریشن آفس میں جمع کروانا ضروری ہوں، داخل کرنا، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس مطلوبہ تمام دستاویزات جمع کروانا، اور ایسے تمام سرٹیفکیٹس، درخواستوں، نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کسی بھی دیگر دستاویز یا تحریری آلہ پر دستخط کرنا شامل ہے، بشمول مذکورہ بالا دستاویزات میں کسی بھی مطلوبہ ترمیم یا متبادل دستاویز کی تیاری اور تکمیل۔

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 134(3) کے تحت مطلوبہ اہم حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے حکم سے

نادیہ حسین

کمپنی سیکریٹری

کراچی، 27 اگست 2026ء

نوٹس

1۔ الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی جنرل میٹنگ میں شرکت کے لیے رجسٹریشن:

a۔ قابلِ اطلاق تقاضوں اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ متعلقہ رہنما اصولوں، بشمول خط نمبر SMD/SE/2/(20)/2021/117 مورخہ 15 دسمبر 2021ء، کی روشنی میں، اراکین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے غیر معمولی جنرل میٹنگ ("EOGM") میں شرکت کریں۔

b۔ الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی جنرل میٹنگ میں شرکت کے لیے، اراکین اور ان کے نمائندگان، حسبِ اطلاق، سے درخواست ہے کہ وہ غیر معمولی جنرل میٹنگ سے کم از کم اڑتالیس (۴۸) گھنٹے قبل درج ذیل معلومات کمپنی کے ای میل پتے company.secretary@tplinsurance.com پر بذریعہ ای میل فراہم کر کے اپنی رجسٹریشن کروائیں۔

ای میل کا موضوع TPL Insurance Limited EOGM کے لیے رجسٹریشن درج کیا جائے اور اس کے ساتھ شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی ایک درست نقل بھی منسلک کی جائے۔

شیئر ہولڈر کا نام	CNIC/ NTN نمبر	فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

c۔ اراکین اور ان کے پراکسی ہولڈرز، حسبِ اطلاق، مذکورہ بالا تقاضے کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیے جائیں گے، اور کمپنی یا کمپنی کے رجسٹرار کی جانب سے انہیں ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔

d۔ لاگ ان کی سہولت صبح 10:30 بجے سے EOGM کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

2۔ حصص منتقلی کتابوں کی بندش:

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 25 ستمبر، 2026 تا 2 اکتوبر، 2026 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، D.H.A.، فیز VII، کراچی-75500، پاکستان میں 24 ستمبر، 2026، کو کاروباری اوقات کار کے اختتام پر (شام 5:00 بجے) موصول ہونے والی حصص منتقلیاں ٹرانسفریز کے مذکورہ بالا استحقاق غیر معمولی جنرل میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

3۔ EOGM میں شرکت:

تمام ممبران، جن کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 24 ستمبر، 2026 کو درج ہیں، EOGM میں (اصالتاً یا ویڈیو لنک سہولت یا پراکسی کے ذریعے) شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ باقاعدہ مقرر کردہ پراکسی کو EOGM میں تقریر کرنے اور ووٹنگ کے حوالے سے ایسے ہی حقوق حاصل ہوں گے جو ایک ممبر کو دستیاب ہیں۔ باقاعدہ پُر اور دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، D.H.A.، فیز VII، کراچی-75500، پاکستان پر EOGM سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے لازماً موصول ہو جانا چاہیے۔

4۔ EOGM میں شرکت کے لیے:

واحد فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اپنے کارآمد CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی معہ دیگر تفصیلات (نام، فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، سیل فون نمبر) بذریعہ ای میل مذکورہ ID پر EOGM سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا اور پراکسی کی صورت میں اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔

کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ اٹارنی معہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط مذکورہ ID پر EOGM سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہیے۔

5۔ ایڈریس کی تبدیلی:

اراکین سے درخواست ہے کہ اگر ان کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر شیئر رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، D.H.A.، فیز VII، کراچی-75500، پاکستان کو مطلع کریں۔

6۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری شکل میں تبدیل کرنا:

SECP نے اپنے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی دفعات پر عمل کرتے ہوئے اپنے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری شکل میں تبدیل کرائیں۔

کمپنی کے فزیکل فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل شکل سے جلد از جلد بک انٹری شکل میں تبدیل کرائیں۔ حصص یافتگان اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری شکل میں تبدیل کرنے میں مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا جس میں حصص کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ حصص کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے گریز وغیرہ شامل ہیں۔ مزید معلومات اور مدد کے لیے، شیئر ہولڈرز ہمارے شیئر رجسٹرار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

7۔ خصوصی کاروبار کے لیے ووٹنگ:

a۔ ڈاک کے ذریعے ووٹنگ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ 8(2) کے مطابق، اراکین کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ منسلک بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ کریں، جس کی ایک نقل کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ مکمل طور پر پُر کیا ہوا بیلٹ پیپر، EOGM سے ایک دن قبل کام کے اوقات کے دوران، ای میل کے ذریعے chairman@tplinsurance.com پر یا بذریعہ ڈاک پلاٹ نمبر B-19 سندھی مسلم CHS(SMCHS)، نزد رومی مسجد، شاہراہ فیصل کراچی کے پتے پر میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط، CNIC پر درج دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

b۔ الیکٹرانک ووٹنگ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ 4 کے مطابق، اراکین کو ای ووٹنگ کے ذریعے بھی اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس سہولت کی فراہمی کے لیے، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، جو کہ ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والا ادارہ ہے، 25 ستمبر 2026 کو اراکین کو ایک ای میل بھیجے گا، جس میں ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، پاس ورڈ اور دیگر ضروری معلومات شامل ہوں گی۔ ای ووٹنگ کی سہولت 28 ستمبر 2026 کو صبح 09:00 بجے شروع ہوگی اور 1 اکتوبر 2026 کو شام 05:00 بجے (پاکستانی معیاری وقت) بند ہو جائے گی۔

8۔ تحائف کی تقسیم نہ کیے جانے کی اطلاع

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجلاس میں کوئی تحفہ تقسیم نہیں کیا جائے گا۔

اہم حقائق کا بیان

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 134(3) کے تحت مطلوبہ

یہ بیان سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ S.R.O.423 (I)/2018 مورخہ 3 اپریل 2018ء کے تحت اور اس کے مطابق مقرر کردہ اہم حقائق پر مشتمل ہے۔ یہ حقائق کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے زیرِ غور لائے جانے اور منظور کیے جانے والے خصوصی کاروبار سے متعلق ہیں، جو کمپنی کے نام کی تبدیلی کے حوالے سے ہے، اور جس کی سفارش بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی مورخہ 27 اگست 2026 کو منعقدہ میٹنگ میں شیئر ہولڈرز سے کی ہے۔

ایجنڈا آئٹمز 1 اور 2

13 جولائی 2026 کو کمپنی میں کنٹرولنگ حصص کے حصول کا عمل مکمل ہونے کے نتیجے میں، جاز انٹرنیشنل ہولڈنگ لمیٹڈ، جو کہ VEON لمیٹڈ (ایک عالمی ڈیجیٹل آپریٹر) کی ذیلی کمپنی ہے، اب کمپنی کے جاری شدہ حصص کے سرمائے کا 76.33 فیصد حصہ رکھتی ہے۔

کمپنی کے VEON لمیٹڈ اور جاز انٹرنیشنل ہولڈنگ لمیٹڈ کے ساتھ تعلق کو زیادہ بہتر طور پر ظاہر کرنے اور اس تعلق سے فوائد حاصل کرنے کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز پیش کی ہے کہ کمپنی کا نام تبدیل کر کے JazzSure انشورنس لمیٹڈ رکھا جائے۔

کمپنی کے نام کی اس تبدیلی کے نتیجے میں کمپنی کی قانونی حیثیت یا کاروباری سرگرمیوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ اس مقصد کے لیے مطلوبہ خصوصی قرارداد کا متن اس نوٹس میں درج ہے جو غیر معمولی جنرل میٹنگ بلانے کے لیے جاری کیا گیا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مزید سفارش کی ہے کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں بھی ترمیم کی جائے تاکہ نام کی تبدیلی کو اس انداز میں ظاہر کیا جا سکے جس کی وضاحت غیر معمولی جنرل میٹنگ کے نوٹس میں درج خصوصی قرارداد میں کی گئی ہے۔

بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ مجوزہ ترامیم، ان کے علم اور یقین کی حد تک، قابلِ اطلاق قانونی دفعات اور ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق ہیں۔

کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی محدود دفعات میں TPL Insurance Limited کا نام درج ہے، جن کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔

کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور مجوزہ ترمیم شدہ دفعات

موجودہ عنوان | عنوان میں مجوزہ ترمیم

TPL انشورنس لمیٹڈ کا میمورنڈم آف ایسوسی ایشن | JazzSure انشورنس لمیٹڈ کا میمورنڈم آف ایسوسی ایشن

موجودہ شق 1

موجودہ عبارت | شق 1 میں مجوزہ ترمیم

کمپنی کا نام TPL انشورنس لمیٹڈ ہے۔ | کمپنی کا نام JazzSure انشورنس لمیٹڈ ہے۔

کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور مجوزہ ترمیم شدہ دفعات

موجودہ عنوان | عنوان میں مجوزہ ترمیم

TPL انشورنس لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن | JazzSure انشورنس لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر، ان کے رشتہ داروں (اگر کوئی ہوں)، یا کمپنی کے منیجریل یا کلیدی انتظامی عہدیداران (Key Managerial Personnel) کا کمپنی کے نام کی مجوزہ تبدیلی میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد یا دلچسپی نہیں ہے، سوائے اس حد تک کہ وہ کمپنی میں اپنے متعلقہ عہدوں پر فائز ہیں۔